درجۂ دہم

# (SAMPLE QUESTION PAPER) سوالنامے کا نمونہ

## URDU (FL) (X -- اردو (فرسٹ لینگویج

1۔ درج ذیل سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (MCQ) 1X3=3

(i) مولوی عبدالحق کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(الف) آقائے اردو

(ب) سالارِ اردو

(ج) بابائے اردو

(د) خدائے اردو

(ii) علامہ وحشت کے استاد کا نام ہے۔

(الف) مست کلکتوی

(ب) شاکر کلکتوی

(ج) بدر کلکتوی

(د) شمس کلکتوی

(iii) پریم چند کو ان کے گھر والے کس نام سے پکارتے تھے؟

(الف) دھنپت رائے

(ب) نواب رائے

(ج) عجائب لال

(د) ان کوئی نہیں

2۔ درج ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے: 1x2=2

(i) ابن الوقت میں کس مشہور ادیب کا خاکہ اڑایا گیا ہے؟

(الف) حالی

(ب) نذیر احمد

(ج) سرسید

(د) شبلی

(ii) ''یہ دیکھ کر۔۔۔کا کلیجہ دھک سے ہو گیا۔''

(الف) نوبل صاحب

(ب) جاں نثار

(ج) معشوق محل

(د) ابن الوقت

3۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: (ہر ایک جواب کم و بیش ۲۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 1x4=4

(i) ابن الوقت کیا ہے؟ یہ کس کی تصنیف ہے؟

(ii) نذیر احمد کی ایک تصنیف کا نام بتایئے۔

(iii) ''اگر آپ سے ہو سکے تو ہمارے صاحب کی جان بچا لیجئے۔''

یہاں کس صاحب کی بات ہو رہی ہے؟

(iv) جاں نثار کون تھا؟

4۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے (ہر جواب کم و بیش ۲۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 1x2=2

(i) ''لات کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے۔''

یہاں کس کے متعلق بات ہو رہی ہے؟

(ii) ''تمہیں بھی بڑا آدمی بننے کا حق حاصل ہے''

یہ جملہ کہاں سے لیا گیا ہے؟

5۔درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے (ہر جواب کم وبیش ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے )5x1=5

(i) ''اردو کا تعلق بنگالے سے'' میں وحشت کلکتوی نے کن خیالات کی عکاسی کی ہے؟ واضح کیجیے۔

(ii) مولوی عبدالحق کی نظر میں تراجم کی کیا اہمیت ہے؟ بیان کیجیے۔

6۔درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے: (ہر جواب کم وبیش ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 5x1=5

(i) نوبل صاحب پر نوٹ لکھیے

(ii) ابن الوقت کے کردار پر بحث کیجیے۔

7۔درج ذیل سے کسی ایک کا جواب دیجیے (ہر جواب کم وبیش ۴۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 4x1=4

(i) ڈراما'' محمود غزنوی'' کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

(ii) ''محمود غزنوی'' میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟ مختصراً لکھیے۔

8۔درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے (ہر جواب کم وبیش ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 5x2=10

(i) خواجہ سگ پرست کون تھا؟ اس کے بھائیوں نے اس کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟ مختصراً لکھیے۔

(ii) ''اس نے مجھے خوب خورد خام کیا اور یوسف کے بھائیوں جیسا کام کیا۔''

درجہ بالا جملے کی وضاحت حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(iii) ''اے کم بخت بدنصیب ! ڈوری کا سرا اپنے ہاتھ میں مضبوط پکڑ اور یہاں سے نکل۔''

اس جملے کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔

9۔درج ذیل سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: 1x5=5

(i) علامہ اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(الف) لکھنو

(ب) دہلی

(ج) سیالکوٹ

(د) کراچی

(ii) پرویز شاہدی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں ہے؟

(الف) ابن ہمالہ

(ب) بنت ہمالہ

(ج) گنج ہمالہ

(د) عرش ہمالہ

(iii) جوش ملیح آبادی کی آپ بیتی کا نام کیا ہے؟

(الف) یادوں کی برات

(ب) نشاطِ شب

(ج) نشاطِ کرب

(د) یادوں کے جھروکے سے

(iv) رفیع سودا کی شہرت کس صنف سخن سے ہے؟

(الف) غزل

(ب) مرثیہ

(ج) قصیدہ

(د) مثنوی

(v) مرزا غالب کا انتقال کب ہوا؟

(الف) 1867

(ب) 1868

(ج) 1869

(د) 1870

10۔ درج ذیل سے کسی چار سوالوں کے جواب دیجیے: (ہر جواب کم و بیش ۲۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 1x4=4

(i) رازِ حیات پوچھ لے خضرِ خجستہ گام سے۔ شعر مکمل کیجیے اور شاعر کا نام بتائیے۔

(ii) جوش ملیح آبادی کے ایک شعری مجموعے کا نام لکھیے۔

(iii) بدر کلکتوی کا کون سا ترجمہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(iv) شہریار کا اصل نام لکھیے۔

(v) پروین شاکر کے ایک شعری مجموعے کا نام بتائیے۔

11۔ درج ذیل سے کسی دو سوالوں کے جواب دیجیے (ہر ایک جواب کم و بیش ۶۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 3x2=6

(i) تنکا ہے بشر موج فنا کے آگے
چلتی نہیں کچھ اس کی قضا کے آگے
کیا چیز ہے موت آ بتاؤں تجھ کو
انسان کی شکست ہے خدا کے آگے

درجہ بالا رباعی کی تشریح کیجیے۔

(ii) حسن ازل کہ پردۂ لالہ و گل میں ہے نہاں
کہتے ہیں بے قرار ہے جلوۂ عام کے لیے

یہ شعر کہاں سے ماخوذ ہے؟ اس شعر کی تشریح کیجیے۔ 1+2=3

(iii) سیاہ رات نہیں لیتی نام ڈھلنے کا
یہی تو وقت ہے سورج ترے نکلنے کا

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 2 + 1 = 3 [2 1/2+1/2= 3]

12۔ درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے (ہر جواب کم از کم ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل ہو) 5x1=5

(i) نظم ''کوشش ناتمام'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیے۔

(ii) ''بنت ہمالہ'' کا مرکزی خیال پیش کیجیے۔

13۔ درج ذیل سے درست جواب کا انتخاب کیجیے: 1x8=8

(الف)(i) ''وہ اسم جو نہ کسی کلمہ سے بنا ہو اور نہ ہی اس سے کوئی کلمہ بن سکے۔'' اسے کون سا اسم کہتے ہیں؟

(الف) اسم جامد

(ب) اسم مصدر

(ج) اسم نکرہ

(د) اسم معرفہ

(ii) حامد کے پاس ایک کتابچہ ہے جس میں کلکتہ کی تاریخ درج ہے۔ ''کتابچہ'' کس قسم کا اسم ہے؟

(الف) اسم ظرف

(ب) اسم آلہ

(ج) اسم تصغیر

(د) اسم تکبیر

(iii) ہم درجہ دہم کے طالب علم ہیں۔ لفظ ''دہم'' کس صفت کی نشاندہی کرتا ہے؟

(الف) صفت عددی

(ب) صفت مقداری

(ج) صفت نسبتی

(د) کوئی نہیں

(iv) ''ہم لوگ ہندوستانی ہیں اور ہمیں اس پر فخر ہے''۔ اس جملے میں کون سا لفظ صفتِ نسبتی سے تعلق رکھتا ہے؟

(الف) ہم لوگ

(ب) ہندوستانی

(ج) اس پر

(د) فخر

(v) ''ہمیں اپنا کام خود کرنا چاہیے''۔ اس جملے میں واؤ معدولہ کی نشاندہی کیجیے۔

(الف) اپنا

(ب) کام

(ج) خود

(د) ہمیں

(vi) ''ہمالیہ ہندوستان کا سب سے اونچا پہاڑ ہے''۔ یہاں ''اونچا'' کون سا اسم ہے؟

(الف) اسم معاوضہ

(ب) اسم موصول

(ج) اسم صفت

(د) اسم ظرف

(vii) درج ذیل میں کون ضرب المثل ہے؟

(الف) آسمان سر پر اٹھانا

(ب) ناک میں دم کرنا

(ج) آپ آپ کرنا

(د) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

(viii) سبز باغ دکھانا کے کیا معنی ہیں؟

(الف) باغ کا ہرا ہونا

(ب) دھوکا دینا

(ج) خوش ہونا

(د) اداس ہونا

(ب) درج ذیل سے کسی آٹھ سوالوں کے جواب دیجیے: (ہر جواب کم وبیش ۲۰ الفاظ پر مشتمل ہو)

1x8=8

(i) اسم تکبیر کی ایک مثال دیجیے۔

(ii) وہ واؤ جسے خوب کھینچ کر پڑھا جائے، اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(iii) اسم مشتق کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

(iv) اینٹ سے اینٹ بجانا۔ اس محاورے کو جملے میں استعمال کیجیے۔

(v) لفظ 'شربت' کو اس طرح جملے میں استعمال کیجیے کہ اس کی جنس واضح ہو جائے۔

(vi) صفتِ نسبتی کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

(vii) لفظ 'عروج' کی ضد لکھیے۔

(viii) اسم صوت کی تعریف مع مثال کیجیے۔

(ix) وہ واو جو لکھا جائے لیکن پڑھا نہ جائے، اسے کیا کہتے ہیں۔

(x) فعل لازم کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

14۔ درج ذیل سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (مضمون کم و بیش 300 الفاظ پر مشتمل ہو) 10x1=10

(الف) ماحولیاتی آلودگی

(ب) انٹرنیٹ کی اہمیت آج کے دور میں

(ج) اطاعتِ والدین

15۔ درج ذیل اقتباس کا ترجمہ اردو میں کیجیے: 4x1=4

The relation between man and trees is as old as the history of mankind itself. They are useful to us in many ways. They give cool shade to the tired travellers . Birds bulid nest in them .They bring about rainfall and these play a key role in the changes of climate and prevent soil erosion.

16- درج ذیل سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے: (ہر جواب کم و بیش 150 الفاظ پر مشتمل ہو) 5x1=5

(الف) ایک مکالمہ لکھیے جس میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر اظہارِ خیال ہو۔

(ب) اپنے اسکول میں ہونے والی کسی سالانہ تقریب کی رپورٹ قلم بند کیجیے۔

## (For External Candidates Only)

17- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مختصر جواب دیجیے۔ 2×1=2

(i) پریم چند کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟ وہ ادب میں کس صنف کے حوالے سے مشہور ہیں؟

(ii) ''میں تو صرف ''پہلے آپ، پہلے آپ'' کے چکر میں ماری جا رہی ہوں۔''

درج بالا جملہ کہاں سے لیا گیا ہے؟ متکلم اور مخاطب کون ہے؟

18- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا مختصر جواب دیجیے۔ 2×1=2

(i) وحشت کلکتوی کے دیوان کا نام بتائیے۔ یہ کب اور کہاں سے شائع ہوا؟

(ii) رازِ حیات پوچھ لے خضرِ خجستہ گام سے

زندہ ہر ایک چیز ہے کوششِ ناتمام سے

درج بالا شعر کہاں سے ماخوذ ہے؟ شاعر کا نام بتائیے۔

19- درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب دیجیے : 3×2=6

(i) پریم چند کی حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(ii) افسانہ ''اندھیرا'' سے داروغہ جی کا کردار لکھیے۔

(iii) شہریار کی حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iv) درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے۔

عجب خامشی اُس کے ہونٹوں پہ تھی

عجب شور اُس کی نگاہوں میں تھا

☆☆☆